**14-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے باقی تین مرحلوں کے لیے پورے زور و شور سے انتخابی مہم جاری ہے۔

☆ ساتویں اور آخری مرحلے کے عام انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل مکمل ہو گیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں 30 ماؤنوازوں نے سکیورٹی فورسز کے سامنے خودسپردگی کر دی ہے۔

☆ مرکز نے LTTE پر پابندی میں مزید پانچ سال کی توسیع کی ہے۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے کیرالہ کے دو ضلعوں میں زبردست بارش کے سلسلے میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Campaign**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے چار مرحلوں کی ووٹنگ کی تکمیل کے بعد بقیہ مرحلوں کیلئے انتخابی مہم عروج پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر لیڈر ملک کے مختلف حصوں میں متعدد ریلیاں اور روڈ شو کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے، آج شام جھارکھنڈ کے کوڈرما میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ نکسل واد نے ملک کو بہت نقصان پہنچایا ہے اور بہت سی ماؤوں کے خوابوں کو چکنا چور کیا ہے۔

سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے مغربی بنگال کے بنگاؤں میں ایک عوامی میٹنگ کی۔ BJP کے قومی صدر جے

پی نڈا نے اترپردیش کے امیٹھی میں پارٹی امیدوار اسمرتی ایرانی کی حمایت میں ایک اجتماع سے خطاب کیا۔ محترمہ ایرانی کانگریس کے کشوری لال شرما کے خلاف چناؤ لڑ رہی ہیں۔

انھوں نے کہا کہ آج کا بھارت کچھ مانگتا نہیں بلکہ فراہم کرتا ہے۔ جناب نڈا نے کہا کہ NDA سرکار کے اقدامات کی وجہ سے آج بھارت پیٹرو کیمیکل اور آٹو موبائل کے شعبوں میں دنیا میں تیسرے مقام پر ہے۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی امیٹھی میں ریلی سے خطاب کیا۔

دوسری طرف کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی نے بھی امیٹھی میں ایک عوامی میٹنگ کی۔ سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے اترپردیش کے جھانسی میں ایک مشترکہ ریلی سے خطاب کیا۔ جناب گاندھی نے دعویٰ کیا کہ آئی این ڈی آئی اے- بلاک کی پارٹیاں آئین کو بچانے کیلئے کام کر رہی ہیں۔

ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سماجوادی پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے- بلاک سرکار، اگر اقتدار میں آئی تو اگنی ویر اسکیم کو ختم کرکے نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع فراہم کرے گی۔

کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی مہاراج گنج اور گورکھپور کے نزدیک چوڑی چوڑہ کے مقام پر ایک عوامی میٹنگ سے خطاب۔ انھوں نے کہا کہ اگر اُن کی پارٹی اقتدار میں آئے گی تو کھیتی باڑی پر GST ختم کر دیا جائے گا۔ x

## Amit Shah West Bengal

BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے آج مغربی بنگال میں Uluberia لوک سبھا حلقے کے Amta کے مقام پر ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ ریاستی سرکار نے بہت سی مرکزی اسکیموں کے نام بدل دیئے ہیں لیکن مرکزی سرکار، اِن اسکیموں کیلئے پیسے دے رہی ہے۔

اِس سے پہلے جناب شاہ نے آج Bongaon لوک سبھا حلقے میں پارٹی امیدوار کیلئے ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔ x

## Nominations

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے پرچہ داخل کرنے کا عمل آج مکمل ہوگیا۔ اِس مرحلے میں 7 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 لوک سبھا حلقوں میں یکم جون کو پولنگ ہوگی۔

ساتویں اور آخری مرحلے میں اترپردیش اور پنجاب کے تیرہ تیرہ سیٹوں، مغربی بنگال کے 9، بہار کے 8، اڈیشہ کے 6، ہماچل پردیش کے 4، جھارکھنڈ کے 3 اور مرکزی کے زیر انتظام علاقہ چنڈی گڑھ پارلیمانی سیٹ پر

ووٹنگ ہوگی۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل ہوگی۔ امیدوار جمعے تک اپنا نام واپس لے سکیں گے۔ x

## UP PM Nomination

وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج وارانسی پارلیمانی حلقے سے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا۔ وارانسی میں پولنگ عام انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے میں یکم جون کو ہوگی۔

اس سے پہلے، صبح میں وزیراعظم نریندر مودی دریائے گنگا کے کنارے دشاشومیدھ گھاٹ پر پوجا ارچنا کی۔ انہوں نے ویدمنتروں کے جاپ کے دوران گھاٹ پر آرتی بھی کی۔ انہوں نے کاشی کے کوتوال کال بھیرو سے آشیرواد بھی لیا۔

اس موقع پر BJP کے قومی صدر جے پی نڈا، راجناتھ سنگھ اور ہردیپ سنگھ پوری سمیت پارٹی کے سینئر رہنماؤں کے علاوہ اتحادی پارٹیوں کے لیڈران چندرابابو نائیڈو، ایکناتھ شنڈے، جیتن رام مانجھی، سنجے نشاد اور رام داس اٹھاولے موجود تھے۔

جناب مودی کے نام کی تجویز پیش کرنے والوں میں پنڈت گنیشور شاستری، بیجناتھ پٹیل، لال چند کشواہا اور سنجے سونکر شامل ہیں۔ جناب مودی کے خلاف اپوزیشن I.N.D.I اتحاد کے مشترکہ امیدوار کانگریس کے اجے رائے چناو لڑ رہے ہیں۔

2014 اور 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں بھی کانگریس نے UP کانگریس کے سربراہ اجے رائے کو جناب مودی کے خلاف میدان میں اتارا تھا، لیکن وہ دونوں ہی مرتبہ تیسرے مقام پر رہے تھے۔ 2019 کے انتخابات میں وزیراعظم مودی نے سماجوادی پارٹی کے امیدوار شالینی یادو کو چار لاکھ 79 ہزار ووٹوں سے شکست دی تھی۔ ×

## ECI Complaints

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ مثالی ضابطۂ عمل کے نفاذ کے بعد سے 90 فیصد سے زیادہ شکایات کا ازالہ کر دیا گیا ہے اور کانگریس اور BJP کے علاوہ کسی بھی سیاسی پارٹی کی بڑی شکایتیں التوا میں نہیں ہیں۔ کمیشن نے آج ایک بیان میں کہا کہ مختلف سیاسی پارٹیوں اور امیدواروں کی طرف سے 425 بڑی شکایتیں موصول ہوئیں۔ اِن میں سے 400 کیسوں میں کارروائی کی گئی اور انہیں حل کیا گیا۔ کمیشن نے کہا کہ کانگریس کی طرف سے 170 شکایتیں موصول ہوئیں جبکہ BJP کی طرف سے 95 اور دوسری پارٹیوں کی جانب سے 160 شکایتیں ملی تھیں۔

کمیشن نے کہا کہ کانگریس اور BJP کی ایک دوسرے کے خلاف کچھ شکایتیں التوا میں ہیں، جو مثالی ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی سے متعلق ہیں۔

ماضی میں کمیشن نے اُن الگ الگ لیڈروں کو نوٹسیں جاری کی ہیں، جنہوں نے مثالی ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی کی تھی۔ x

## J&K MCC Violations

جموں و کشمیر میں انتخابی اہلکاروں نے انتخابات سے متعلق خلاف ورزیوں کے سلسلے میں گیارہ FIR درج کی ہیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر Pandurang K Pole نے بتایا کہ 16 مارچ سے ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی 234 شکایتیں موصول ہوئیں جن پر اپنے طور پر کارروائی کرتے ہوئے گیارہ FIR درج کی گئیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے 80 شکایتوں کے معاملوں میں نوٹس بھی جاری کیے اور 29 شکایتوں کے معاملے میں انکوائیری کا حکم دیا گیا۔×

## PB Chairmain Visit

پرسار بھارتی کے سربراہ نونیت سہگل نے آج آکاشوانی کو ایک زیادہ مؤثر، لچکدار اور قابل جواز تنظیم بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے ڈیجیٹل وسیلے کے ذریعے زیادہ سامعین تک رسائی کے بارے میں بھی بات کی۔ جناب سہگل نے نئی دلی میں، آکاشوانی کے ہیڈکوارٹر کے اپنے دورے کے دوران یہاں کے خبروں کے شعبے، پروگرامنگ اور انجینئرنگ کے محکموں کے اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

## Chhattisgarh Maoists

چھتیس گڑھ میں آج 30 ماؤنوازوں نے بیجاپور ضلع میں خودسپردگی کی۔ ان میں سے 9 ماؤنوازوں پر مجموعی طور پر 39 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ اس برس جنوری سے اب تک بیجاپور ضلع میں 180 ماؤنوازوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اس دوران 76 ماؤنواز خودسپردگی کر چکے ہیں۔×

## Cenrtre LTTE Ban

مرکز نے لبریشن ٹائیگرس آف تمل ایلم LTTE پر پابندی میں مزید پانچ سال کی توسیع کی ہے۔ وزارت داخلہ نے اپنے نوٹیفکیشن میں کہا ہے کہ مرکزی سرکار نے LTTE کی کارروائیوں کے تناظر میں یہ فیصلہ لیا ہے، جو بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سالمیت کیلئے ایک خطرہ بنا ہوا ہے۔ وزارت نے LTTE کی تخریب کاری اور علیحدگی پسند سرگرمیوں کو پابندی کی وجوہات قرار دیا، جو بھارتیوں کی سیکیورٹی کیلئے ایک بڑا خطرہ ہے۔

سرکار نے مئی 2019 میں LTTE کو ایک غیر قانونی تنظیم قرار دیا تھا اور اس پر پانچ سال کیلئے پابندی

عائد کی تھی۔ x

## J&K Paskitani Intruder

جموں و کشمیر میں کل شام جموں ضلعے میں لائن آف کنٹرول کے نزدیک ایک گاؤں سے ایک پاکستانی درانداز کو گرفتار کیا گیا۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ پاکستانی درانداز، جس نے اپنا نام ظہیر خان بتایا، کراچی کا رہنے والا ہے۔ اُسے جموں شہر کے مضافات میں واقع خور کے پلّن والا علاقے میں لائن آف کنٹرول کے نزدیک مِلن دی کھوئی گاؤں سے گرفتار کیا گیا۔

اِدھر کٹھوعہ ضلعے میں بین الاقوامی سرحد کے نزدیک کم از کم پانچ افراد کی مشتبہ آمدورفت کے بعد تلاشی کی بڑی کارروائی شروع کی گئی ہے۔x

## UNESCO India

Ramcharitmanas، پنچ تنتر اور Sahrdayaloka-locana کو یونیسکو کے ایشیا بحرالکاہل علاقائی رجسٹر میں عالمی یاد گار کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔

وزارت ثقافت نے کہا ہے کہ یہ بھارت کیلئے فخریہ لمحہ ہے اور اِس سے ملک کے گراں قدر ادبی اور ثقافتی وراثت کی تصدیق ہوتی ہے۔ وزارت نے مزید کہا ہے کہ یہ، ثقافتی ورثے کی حفاظت کی عالمی کوششوں کی علامت بھی ہے، جس سے متنوع بیانیوں اور فنکارانہ مظاہروں کا اعتراف کرنے اور اُن کی حفاظت کی اہمیت اُجاگر ہوتی ہے۔x

## India US Dialogue

افریقہ پر بھارت-امریکی مذاکرات کا دوسرا دور آج واشنگٹن میں ہو رہا ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ دو روزہ بھارت - امریکی مذاکرات کا مقصد خیالات اور نظریات کا تبادلہ اور افریقہ میں مل کر کام کرنے کیلئے ادارہ جاتی، تکنیکی اور باہمی تال میل کے طور طریقے تلاش کرنا ہے۔ اس کا مقصد افریقی ترجیحات کے مطابق بھارت اور امریکہ کی قوتوں کا استعمال کرتے ہوئے افریقہ میں باہمی ترقیاتی پروجیکٹوں اور پروگراموں کی نشاندہی بھی کرنا ہے۔ وزارت نے کہا کہ بھارت کی صدارت کے دوران جی-20 میں افریقی یونین کا ایک مستقل ممبر کے طور پر شمولیت کے بعد یہ بھارت اور امریکہ کے درمیان افریقہ کے سلسلے میں پہلا مذاکرہ ہے۔ x

## India Green Hydrogen

بھارت نے، اِن دنوں نیدر لینڈ کے روٹرڈیم میں جاری عالمی ہائیڈروجن سمٹ 2024 میں پہلی مرتبہ اپنا پویلین قائم کیا ہے۔ پویلین کا افتتاح قابل تجدید توانائی محکمے کے سکریٹری بھوپیندر ایس بھلّا نے کیا۔ اِس پویلین میں، گرین ہائیڈروجن کے شعبے میں ملک کی پیش رفت کا مظاہرہ کیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ اِس سمٹ میں دنیا بھر کے تقریباً 15 ہزار مندوبین شریک ہوں گے۔ بھارت نے پچھلے برس جنوری میں قومی گرین ہائیڈروجن مشن کا آغاز کیا تھا، جس کے لیے سال 2030 کے اختتام پر پانچ ملین میٹرک ٹن کی گرین ہائیڈروجن کی پیداوار کی صلاحیت کو حاصل کرنے کا نشانہ طے کیا گیا تھا۔×

## IMD Heatwave

بھارتیہ محکمۂ موسمیات نے کیرالہ کے Pathanamthitta اور اِدوکی ضلعوں کے لیے شدید سے انتہائی شدید بارش کے امکان کے تناظر میں آج اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ جبکہ ریاست کے 8 اضلاع کے لیے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ قدرتی آفات کے بندوبست کے محکمے نے شدید بارش کے امکانات کے پیش نظر پہاڑی خطوں میں رات میں سفر سے گریز کرنے کے لیے کہا ہے۔ محکمے نے میز کہا کہ جو لوگ دریا کے ذیلی بہاؤ کے علاقے میں رہ رہے ہیں وہ باندھوں سے اضافی پانی چھوڑے جانے کی صورت میں محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کے لیے تیار رہیں۔

اس دوران، مغربی راجستھان میں کل سے 18 مئی تک شدید لو کے حالات رہنے کی پیش گوئی ہے۔ جبکہ اترپردیش، جنوبی ہریانہ اور بہار میں جمعرات سے اگلے تین دن تک شدید گرم لہر رہنے کا اندیشہ ہے۔ نیز شمالی مدھیہ پردیش اور مشرقی راجستھان میں بھی 17 اور 18 مئی کو شدید گرم لہر کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

مغربی رجاستھان کے اِکّا دُکّا مقامات پر 17 اور 18 مئی اور جنوبی ہریانہ میں 18 مئی کو سخت گرمی و لو چلنے کا اندیشہ ہے۔×

## Pak Violences

پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں پاکستانی فورسز کے ساتھ پرتشدد جھڑپوں کے بعد چار افراد ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ حکام کے مطابق متاثرین میں، کم از کم دو افراد گولی لگنے کے سبب زخمی ہوئے جبکہ مرنے والے چار افراد میں سے ایک پولیس آفیسر تھا۔ جمعہ سے ہزاروں احتجاج کرنے والے بنیادی ضروریات کی چیزوں جیسے آٹے کی قیمت میں اضافے اور علاقے میں بجلی کی زبردست کٹوتی کے خلاف احتجاج میں سڑکوں پر جمع ہیں۔ یہ احتجاج اُس وقت تشدد کی صورت اختیار کر گیا جب احتجاج کرنے والوں اور پولیس کے درمیان مقابلہ آرائی ہوئی۔

ہفتے کے آخر میں انتہائی تشدد کے بعد پاکستان کے قبضے والے کشمیر کی حکومت نے دفعہ 144 نافذ کر دی تھی، اسکولوں کو عوامی ٹرانسپورٹ کے ذرائع کو کاروبار وغیرہ کو بند کر دیا گیا تھا، ساتھ ہی علاقے میں موبائل خدمات کو بھی معطل کر دیا گیا تھا۔ پاکستان کی معیشت کو انتہائی افراط زر کا سامنا ہے اور توانائی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے سبب دو سال سے زیادہ مدت سے اقتصادی ترقی گراوٹ کا شکار ہے۔ مئی 2022 سے صارفین کا افراط زر 20 فیصد سے زیادہ ہے اور مئی 2023 میں یہ 38 فیصد تک پہنچ گیا۔×

## Antony Blinken Kyiv

امریکی وزیر خارجہ اینٹنی بلنکن آج اپنے غیر اعلان شدہ دورے پر یوکرین کی راجدھانی Kyiv پہنچے۔ پچھلے ماہ امریکہ کی جانب سے یوکرین کو چالیس کروڑ ڈالر کی فوجی امداد دیئے جانے کے اعلان کے بعد جناب بلنکن Kyiv کا دورہ کر رہے ہیں۔ دورے کے دوران، جناب بلنکن کا صدر ولادیمیر زیلنسکی اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کا پروگرام ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب بلنکن نے کہا کہ اس وقت جبکہ یوکرین روسی جارحیت کے خلاف اپنا دفاع کر رہا ہے ایسے میں اُن کے دورے سے امریکہ کی جانب سے یوکرین کے لیے مستقل حمایت کا اظہار ہوتا ہے۔×

## Elorda Cup Boxing

مکے بازی میں، بھارت کے گورو چوہان، قزاخستان کے آستانہ میں ایلوردا کپ میں آج مردوں کے 92 Plus کلوگرام کے زمرے میں سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے میزبان ٹیم کے پسندیدہ دانیال سَپَر بے کو تین-دو سے ہرا کر ملک کے لیے تمغے کو یقینی بنا لیا۔ اِدھر چھ مرتبہ ایشیائی کھیلوں کی چمپئن شپ میں تمغہ جیتنے والے شیو تھاپا قزاخستان کے عبدالئی المت سے مردوں کے 63 اعشاریہ پانچ کلوگرام کے زمرے میں ہار گئے۔

ایک اور مکے باز سنجے بھی مردوں کے 80 کلوگرام کے زمرے میں ہار گئے۔×

☆☆☆☆☆